© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**رسائل و مسائل** (حصہ ہشتم)، شیخ الحدیث مولانا عبدالمالک۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، لاہور۔ صفحات: ۴۱۴۔ قیمت: ۲۱۰ روپے۔

'رسائل و مسائل' کے زیرعنوان جو روایت مولانا مودودی مرحوم نے قائم کی' اسے ان کے تربیت یافتہ افراد نے اپنے مقدور بھر زندہ رکھنے کی کوشش کی۔ چنانچہ جسٹس ملک غلام علی مرحوم اور خرم مراد مرحوم کے قلم سے نکلے ہوئے جوابات اس سے قبل کتابی شکل میں طبع ہو چکے ہیں۔ اب اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے ادارہ معارف اسلامی لاہور نے شیخ الحدیث مولانا عبدالمالک کے تحریر کردہ جوابات جو ۱۹۸۲ء سے ۲۰۰۱ء کے دوران ترجمان القرآن میں طبع ہوئے ہیں' ایک جلد میں شائع کر دیے ہیں۔ کتاب ۱۱ ابواب اور چار مقالات پر مبنی ہے۔ ابواب کے عنوانات یوں ہیں: ○ تفسیر آیات و تاویلِ احادیث ○ عقائد و ایمانیات ○ نماز ○ روزہ ○ قربانی ○ زکوٰۃ ○ معاشی مسائل ○ معاشرتی مسائل ○ عالمِ نسواں ○ متفرق مسائل ○ دعوت و تحریک۔ مقالات میں اجماع اُمت' مختلف مسالک پر عمل' خلافت کا استحقاق' جہاد شامل ہیں۔

مولانا عبدالمالک کی فقہی آرا ان کی بصیرت کا روشن ثبوت ہیں۔ مولانا عموماً معروف حنفی مصادر کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار فرماتے ہیں لیکن اعتدال و توازن کو کبھی ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ اسی بنا پر بعض حساس موضوعات پر بھی ان کی رائے کسی فریق کے جذبات کو مجروح نہیں کرتی۔ اس کی عمدہ مثال مشرک کے پیچھے نماز (ص ۸۶-۸۷)' بریلوی امام کے پیچھے نماز (ص ۶۱ تا ۸۲) جیسے موضوعات پر تحریر کردہ جوابات ہیں۔ باب ہفتم اس لحاظ سے بڑی اہمیت رکھتا ہے کہ اس میں جدید معاشی مسائل پر مدلل آرا کا اظہار کیا گیا ہے۔ ادارہ معارف اسلامی اس کتاب کو طبع کرنے پر مبارک باد کا مستحق ہے۔ (ڈاکٹر انیس احمد)

© rasailojaraid.com